© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

کتاب : مولانا دین محمد وفائی

مؤلف : ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہان پوری

ناشر : مولانا دین محمد وفائی اکیڈمی، پاکستان چوک۔ کراچی ۷۴۲۰۰

صفحات ۳۲۵ ۔ کاغذ، جلد عمدہ ۔ قیمت ایک سو پچاس روپے

مولانا دین محمد وفائی علاقہ سندھ کے ممتاز عالم دین تھے، جو تاریخ، ادب اور صحافت سے گہرا تعلق رکھتے تھے۔ وہ ۲۷ ۔ رمضان ۱۳۱۱ھ کو ضلع سکھر کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے جو "نبی آباد" کے نام سے معروف ہے۔ انھوں نے سندھ کے مختلف نامور اساتذہ سے تعلیم حاصل کی اور اپنی گوناگوں خدمات کی بنا پر بڑی شہرت پائی ۔

وہ اپنے دور کے بہت بڑے مصنف تھے اور سیاسیات میں بھی پوری طرح سرگرم رہتے تھے۔ ملک کی آزادی کے لیے انھوں نے بڑی خدمات سرانجام دیں۔ وہ شاعر بھی تھے اور بہت عمدہ شعر کہتے تھے ۔

صحافت کے میدان میں بھی ان کے نام اور کام کی بڑی شہرت تھی۔ انھوں نے روزنامہ "الوحید" اور "توحید" کے نام سے جو اخبار جاری کیے، ان کی بڑی اہمیت تھی اور ان کے مضامین و مندرجات کو نہایت توجہ سے پڑھا جاتا تھا ۔

اپنے عہد کے اصحاب علم اور ارباب سیاست سے ان کے بے حد مراسم تھے اور عوام و خواص میں اُن کو بڑے احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا ۔

© rasailojaraid.com